# آزاد حکومت ریاست جموں وکشمیر

## ہائیر ایجوکیشن ڈیپارٹمنٹ

## نامزدگی بورڈ

### نوٹس داخلہ

پاکستان کے مختلف فنی تعلیمی اداروں رکالجز ودیگر یونیورسٹیز میں انٹرمیڈیٹ پروگرامز کی نشست ہاء کے خلاف داخلہ (برائے تعلیمی سال 2024ء) کے لیے باشندگان آزاد جموں وکشمیر رمہاجرین مقیم پاکستان 1947ء اور مہاجرین 1989ء سے تعلق رکھنے والے ایسے طلباء وطالبات سے جو مقررہ اہلیت رمعیار کے حامل ہوں، آزاد جموں وکشمیر کے لئے مختص نشستوں کیلئے درخواستیں مطلوب ہیں۔ انٹرمیڈیٹ پروگرام کیلئے ادارہ جات اور کورسز کی تفصیل بذیل ہے:۔

| نمبر شمار | نام یونیورسٹی | تفصیل کورسز / مختص شدہ نشستیں |
|---|---|---|
| 1. | گورنمنٹ کالج یونیورسٹی لاہور | **انٹرمیڈیٹ :** سال اول پری میڈیکل ر پری انجینئرنگ (01)، جنرل رسوشل سائنس گروپ (01) آرٹس گروپ (01)۔ انٹرمیڈیٹ پروگرام کیلئے صرف وہی امیدواران (طلباء وطالبات) نامزدگی کے لئے اہل ہوں گے جنہوں نے آزاد جموں وکشمیر کی حدود میں واقع ادارہ سے ہی بطور ریگولر طالب علم امتحان پاس کیا ہو۔ |
| 2. | کنیئرڈ کالج فار ویمن لاہور | **انٹرمیڈیٹ سال اول** (03) نشستیں (مختص برائے خواتین)۔ صرف وہی امیدواران نامزدگی کے لئے اہل ہوں گی جنہوں نے میٹرک کی تعلیم آزاد جموں وکشمیر کی حدود میں واقع ادارہ سے ہی حاصل کی ہوگی۔ **تمام طلباء وطالبات یونیورسٹی کی website سے اپنے طور پر انٹری ٹیسٹ / آن لائن اپلائی کرنے کی تاریخ سے متعلق معلومات حاصل کریں اور مطابقاً آن لائن اپلائی کریں۔** |
| 3. | یونیورسٹی آف ہوم اکنامکس گلبرک لاہور | **انٹرمیڈیٹ سال اول** (03) (مختص برائے خواتین)۔ صرف وہی امیدواران نامزدگی کے اہل ہوں گی جنہوں نے میٹرک کی تعلیم آزاد جموں کشمیر کی حدود میں واقع ادارہ سے ہی حاصل کی ہوگی۔ **تمام طلباء وطالبات یونیورسٹی کی website سے اپنے طور پر انٹری ٹیسٹ / آن لائن اپلائی کرنے کی تاریخ سے متعلق معلومات حاصل کریں اور مطابقاً آن لائن اپلائی کریں۔** |
| 4. | گورنمنٹ کالج فار ویمن یونیورسٹی سیالکوٹ | انٹرمیڈیٹ سال اول (02) نشستیں (مختص برائے خواتین)۔ **یونیورسٹی کی ویب سائیٹ پر آن لائن اپلائی کرنا اور یونیورسٹی کا اپنا انٹری ٹیسٹ دینا لازمی ہے۔ تمام طلباء وطالبات یونیورسٹی کی website سے اپنے طور پر انٹری ٹیسٹ / آن لائن اپلائی کرنے کی تاریخ سے متعلق معلومات حاصل کریں اور مطابقاً آن لائن اپلائی کریں۔** |

### صلاحیت کا معیار:

(۱)۔ مختلف تعلیمی اداروں میں مخصوص نشستوں پر داخلہ کے لئے پرکھنے کا معیار ان ہی اصولوں کو سامنے رکھ کر مقرر کیا جائے گا، جو ان اداروں کے پراسپیکٹس میں دیا گیا ہوگا۔ لہٰذا امیدوار جس ادارہ میں داخلہ کا خواہشمند ہو اس ادارہ کا پراسپیکٹس اچھی طرح سٹڈی کر کے تمام شرائط Criteria چیک کر کے درخواست فارم جمع کرائے وگرنہ نامزدگی ہو جانے کے بعد کسی بھی شرط کی کمی کی وجہ سے اگر ادارہ داخلہ نہ دے تو نامزدگی بورڈ اس کا قطعاً ذمہ دار نہ ہوگا۔ اگر کسی ڈسپلن کا انٹری ٹیسٹ لازمی ہے تو اس کے لئے امیدوار براہ راست ادارہ سے رجوع کرے گا۔

(۲)۔ جس ڈسپلن رکورس رجماعت میں آزاد کشمیر کیلئے مخصوص سیٹوں کی تعداد 11 سے کم ہوگی وہاں صرف اندرون آزاد کشمیر سے ہی جنرل میرٹ کی بنیاد پر نامزدگی عمل میں لائی جائے گی۔

(۳)۔ تمام کورسز میں ایک ڈسپلن کے لئے اگر مختلف یونیورسٹی ہاء میں نشستیں مختص ہوں تو ایسی صورت میں یونیورسٹی کی ترجیح درج کرنا ہوگی۔ ایک درخواست صرف ایک ڈسپلن رکورس کے لئے زیرغور لائی جائے گی۔ اور ہر کورس رڈسپلن کے لئے الگ درخواست معہ چالان فارم جمع کروانی ہوگی۔

(۴)۔ نامزدگی لیٹر جاری ہو جانے کے بعد امیدوار پر لازم ہے کہ وہ اندر 05 ایام داخلہ لینے کے بارہ میں بورڈ ہذا کو تحریری طور پر رضامندی جمع کروائے گا وگرنہ بعد از معیاد نامزدگی منسوخ تصور ہوگی۔

CS CamScanner

(۵)۔ جہاں نمبر برابر ہوں گے وہاں نمبرات کی fraction کی weightage دیکھی جائے گی۔ جس کی fraction بہتر ہوگی وہ میرٹ پر قرار پائے گا اور اس کے برابر ہونے کی صورت میں زائد عمر کی بنیاد پر نامزدگی ہوگی۔

(۶)۔ اے لیول، او لیول یا مساوی سرٹیفکیٹ کے حامل اور CGPA پاس امیدواران کو Inter Board Commission of Chairman (IBCC) سے Equivalence سرٹیفکیٹ فراہم کرنا لازمی ہوگا۔ واضح رہے کہ CGPA یا grade کی بنیاد پر میرٹ مرتب نہیں کیا جائے گا بلکہ امیدوار کو percentage مہیا کرنے کی صورت میں ہی میرٹ میں شامل کیا جائے گا۔

## کوائف:

(۱)۔ باشندہ ریاست درجہ اول سرٹیفکیٹ، ڈومیسائل سرٹیفکیٹ، مستقل سکونتی سرٹیفکیٹ Permanent Resident Certificate (PRC) (مہاجرین 1947ء مستثنیٰ ہیں)، تعلیمی اسناد، میڈیکل فٹنس سرٹیفکیٹ، کیریکٹر سرٹیفکیٹ کی مصدقہ نقولات، درخواست فارم کے ہمراہ نامزدگی بورڈ کو ارسال کرنا ہوگی۔

(۲)۔ باشندہ ریاست سرٹیفکیٹ اور ڈومیسائل سرٹیفکیٹ کے زیر کارروائی ہونے کی تصدیق کسی بھی صورت قابل قبول نہ ہوگی۔

(۳)۔ تمام کورسز کے لئے -/Rs.1500 **(مبلغ پندرہ سو روپے)** درخواست فیس (ناقابل واپسی) بنام سیکرٹری نامزدگی بورڈ آزاد حکومت ریاست جموں وکشمیر **اکاؤنٹ نمبر 8-197، نیشنل بنک آف پاکستان اولڈ سیکرٹریٹ برانچ (برانچ کوڈ 0660)** مظفرآباد آزاد جموں وکشمیر میں براہ راست جمع کروائی جاسکتی ہے علاوہ ازیں درخواست فیس نیشنل بنک آف پاکستان کی کسی بھی برانچ سے آن لائن جمع کروائی جاسکتی ہے۔

## ہدایات:

(۱)۔ میٹرک اور انٹرمیڈیٹ پروگرام کیلئے اپلائی کرنے کی آخری تاریخ **10 جون 2024** مقرر کی گئی ہے۔

(۲)۔ امیدواران نامزدگی بورڈ کی ویب سائیٹ www.nb.gok.pk پر آن لائن (online) پُر کر کے فارم پرنٹ کریں گے۔ بعد ازاں چالان نیشنل بنک آف پاکستان اولڈ سیکرٹریٹ برانچ میں جمع کرا کر فارم کی پشت پر مندرج پتہ پر بذریعہ ڈاک ارسال کرنا لازمی ہوگا داخلہ فارم پر ہاتھ سے کی گئی کوئی بھی correction قابل قبول نہ ہوگی۔ نامکمل درخواستیں زیر غور نہیں لائی جائیں گی اور ان پر کسی بھی قسم کی کارروائی نہیں ہوگی۔

(۳)۔ تمام امیدواران نامزدگی بورڈ کی ویب سائیٹ (www.nb.gok.pk) پر login ہونے کے لئے اپنے کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ کا استعمال کریں گے۔ جن امیدواران کا CNIC نہیں ہوگا وہ اپنے "فارم ب" پر مندرج شناختی کارڈ نمبر سے رجسٹر ہوسکیں گے۔ ایک CNIC ایک ہی مرتبہ ایک سے زائد کورسز میں اپلائی کرنے کے لیے استعمال کیا جاسکتا ہے۔

**پتہ:** **نامزدگی بورڈ سیکرٹریٹ ہائیر ایجوکیشن، بلاک نمبر 10، گراؤنڈ فلور کمرہ نمبر 1004، نیو سیکرٹریٹ، چھتر دومیل مظفرآباد آزاد کشمیر۔**

**ٹیلی فون: 05822-924235** **admission.nb.gok.pk** **www.nb.gok.pk**

20/5/24

(مہوش اکبر)

**پروگرام آفیسر ہائیر ایجوکیشن / نامزدگی بورڈ مظفرآباد**